Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

5دسمبر2013

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کی جانب سے حیدر آباد میں 'لنکن کارنر لائبریری' کا افتتاح

حیدر آباد۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے سندھ کی صوبائی وزیر ثقافت شرمیلا فاروقی کے ہمراہ شمس العلماداودپوتا لائبریری میں قائم کیے گئے لنکن کارنر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس لائبریری میں امریکہ کے بارے میں معلوماتی کتب کے علاوہ انٹرنیٹ کیفے، کلاس روم اور کمیونٹی سینٹر کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'پاکستان میں قائم کی گئی اس نوعیت کی دیگر لائبریریوں کی طرح حیدر آباد میں بنایا گیا یہ لنکن کارنر پاکستان اور امریکہ کے درمیان موجود تعلیم اور جمہوریت جیسی مشترکہ اقدار کو اجاگر کرتا ہے۔ لنکن کارنر زامریکہ کے 16ویں صدر اور آزادی اور جمہوریت کے علمبردار ابراہم لنکن کی یاد میں قائم کیے گئے ہیں۔' مائیکل ڈاڈمین کا مزید کہنا تھا کہ 'ان لائبریریوں میں موجود سہولیات تمام لوگوں کیلیے بغیر کسی معاوضے کے فراہم کی جاتی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ حیدر آباد اور جامشورو کے عوام اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں گے۔'

لنکن کارنرز امریکی حکومت اور پاکستانی پبلک لائبریریوں، یونیورسٹیوں اور کمیونٹی سینٹرز کے درمیان معاہدے کے تحت قائم کیے گئے ہیں۔2012 سے جاری اس منصوبے کے تحت امریکی قونصل خانے کراچی اور محکمہ ثقافت سندھ کے اشتراک سے حیدر آباد، لاڑکانہ اور خیرپور میں یہ سینٹرز قائم کیے جارہے ہیں۔ لنکن کارنر لائبریری حیدر آباد کے اوقات کار پیر سے جمعہ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک ہیں۔

###